نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

جعلی وغیر معیاری کھادوں اور زرعی ادویات کے خلاف جاری مہم کا جائزہ لیا گیا

جعلی زرعی مداخل کی روک تھام کیلئے زیرو کاسٹ کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم متعارف کرایا ہے، رانا علی ارشد

لاہور: 30 مارچ 2022 (   )ایڈیشنل سیکرٹریز زراعت (ٹاسک فورس) رانا علی ارشد اور امتیاز احمد وڑائچ کی مشترکہ صدارت میں مینگو ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان کے کمیٹی روم میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں محکمہ زراعت کے تحت جعلی وغیر معیاری کھادوں اور زرعی ادویات کے خلاف جاری مہم کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد نے کہا کہ پنجاب میں زرعی ٹاسک فورس مربوط نظام اور حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے۔جعلی زرعی مداخل تیار وفروخت کرنے والے مافیا کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جارہا ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزائیں دلوائی جارہی ہیں۔ان اقدامات سے کاشتکاروں کو معیاری زرعی ادویات اور کھادوں کی فراہمی ہو سکے گی۔ایڈیشنل سیکرٹری (ٹاسک فورس) پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ محکمہ زراعت کی تاریخ میں پہلی دفعہ جعلی زرعی ادویات وکھادوں کی روک تھام کے سلسلہ میں شکایات کے ازالہ کیلئے منفرد نوعیت کا زیرو کاسٹ کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم(Zero Cost Complaint Management System) متعارف کرایا ہے جس کا مقصد دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے کاشتکاروں کی شکایات کا ازالہ کرنا ہے۔جس کے تحت شکایت موصول ہونے کے 24 گھنٹوں کے اندر کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔کاشتکار کسی بھی وقت وٹس ایپ نمبر 0300-2955539 پر اپنی شکایات بذریعہ پیغام یا ویڈیو بھیج سکتے ہیں۔یہ سسٹم معیاری زرعی زہروں اور کھادوں کی مقرر کردہ نرخوں پر فراہمی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ زرعی ٹاسک فورس کے تحت جعلی زرعی ادویات وکھادوں کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے متعدد عملی اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ کاشتکاروں کی آگاہی اور شکایات درج کرانے کیلئے عوامی مقامات، پیسٹی سائیڈز وفرٹیلائزرز دکانات اور سرکاری دفاتر میں نمایاں جگہوں پر بینرز/پینا فلیکسز آویزاں کیے جائیں۔اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری (ٹاسک فورس) جنوبی پنجاب امتیاز احمد وڑائچ نے کہا کہ جعلی زرعی ادویات وکھادوں کے گھناؤنے دھندے میں ملوث کالی بھیڑیں کسان اور زراعت کی دشمن ہیں۔ٹاسک فورس کے تحت جاری عملی کارروائیوں کے نتیجہ میں یہ جلد میدان چھوڑ کر بھاگ جائیں گے۔اجلاس میں ملتان، بہاولپور اور ڈی جی خان سے شعبہ زراعت توسیع کے ڈائریکٹرز اور پیسٹ وارننگ کے ڈپٹی ڈائریکٹرز سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆